2019年5月23日ジャング紙ラホール版1面

لاہور میں پناہ گاہ کا افتتاح، دیگر تمام اضلاع میں بھی بنائی جائیں گی

وزیراعلیٰ بزدار

تحریک انصاف کا طرز حکمرانی ریاست مدینہ کا ماڈل ہے، بجٹ میں نئے پاکستان کی حقیقی جھلک نظر آئیگی، تقریب، اجلاس وافطار ڈنر سے خطاب

لاہور(خصوصی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے لاہور میں ریلوے سٹیشن کے نزدیک تعمیر ہونے والی پناہ گاہ کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ نے پناہ گاہ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم پناہ گاہ کا افتتاح کر کے وزیراعظم عمران خان کے ویژن کے مطابق نادار لوگوں کیلئے قیام وطعام کے ایک اور وعدے کی تکمیل کی جانب قدم بڑھا رہے ہیں، تحریک انصاف کا طرز حکمرانی ریاست مدینہ کا ماڈل ہے، اگلے مالی سال میں تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز اور اس سے اگلے مرحلے میں تمام اضلاع میں پناہ گاہیں بنائیں گے جبکہ اگلے مالی سال میں لاہور کے 6 بڑے ہسپتالوں میں مریضوں کے لواحقین کیلئے بھی پناہ گاہیں پوری طرح فنکشنل ہوں گی۔ وہ وقت دور نہیں جب کوئی مزدور، کوئی مسافر کھلے آسمان تلے خالی پیٹ سونے پر مجبور نہیں ہو گا۔ عثمان بزدار کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں اجلاس منعقد ہوا جس میں آئندہ مالی سال 2019-20ء کے بجٹ اور سالانہ ترقیاتی پروگرام کے اہم خد و خال کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگلا بجٹ عوام کی امنگوں کا ترجمان ہو گا، اسمیں نئے پاکستان کی حقیقی جھلک نظر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں مختلف سیکٹرز میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ عثمان بزدار نے مقامی کلب میں افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت نے نیا پاکستان منصوبے کیلئے 5 ارب روپے دیئے ہیں۔ مزید فنڈز کی ضرورت ہو گی تو پنجاب حکومت فراہم کرے گی۔ وزیراعظم کے اس خواب کو پورا کریں گے۔